قومی آواز
اگر آپ کو دستیاب نہیں ہے تو فوراً
رابطہ کریں
منیجر سرکولیشن: 23311595 0

QAUMI AWAZ
قومی آواز
شہر ادیشن
Late City
بانی: جواہر لال نہرو
REGD. No. DI-21018/2003-5/RNI/No.36944/80 • Rs.2/- • Pages-8 FEBRUARY 25.2.2004 New Delhi
• صفحات: ۸ • قیمت: ۲؍ روپے • نئی دہلی ۴؍محرم الحرام ۱۴۲۵ھ ۲۵؍فروری ۲۰۰۴ء

گردے سے ساڑھے سات کلو وزنی رسولی نکالی گئی

افغان خاتون کی کامیاب آپریشن کے بعد اسپتال سے چھٹی

نئی دہلی، ۲۴؍فروری (یو این آئی)۔ ایک ہندستانی ڈاکٹر نے ایک افغانی خاتون کے گردہ سے ساڑھے سات کلو گرام وزنی رسولی آپریشن کر کے نکال لی ہے۔ میڈیکل ریسرچ میں یہ گردہ میں سب سے زیادہ وزنی رسولی بتائی گئی ہے۔ پشاوتی سنگھانیا ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں یورولوجی کے سرجن ڈاکٹر راجیش تنیجا نے حال ہی میں ۴۹ سالہ خاتون نسیم کا آپریشن کر کے یہ رسولی نکالی۔ یہ رسولی اس عورت کے پیٹ کے دو تہائی حصہ میں پھیلی ہوئی تھی۔ اس آپریشن میں ساڑھے تین گھنٹے لگے۔

یہ عورت تقریباً تین سال سے درد اور بے چینی محسوس کر رہی تھی لیکن ایک مہینہ پہلے پشاور (پاکستان) میں اس رسولی کے ہونے کی تشخیص ہوئی۔ پاکستانی ڈاکٹروں نے اس کے رشتہ داروں کو بتایا کہ اگر اسے جلد نکالا نہیں گیا تو یہ جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے۔ ان ڈاکٹروں نے اس کو مشورہ دیا کہ وہ دہلی جا کر یہ آپریشن کرائے۔

چنانچہ وہ دہلی آئی اور اس انسٹی ٹیوٹ میں داخل ہو گئی جو گردوں اور جگر کی بیماریوں کے علاج کے لیے مشہور ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر تنیجا کی قیادت میں ڈاکٹروں کی ایک ٹیم نے آپریشن کیا۔ اب یہ عورت ٹھیک ہے اور آپریشن کے چھ دن بعد اسے اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔

ڈاکٹر تنیجا نے بتایا کہ اتنی بڑی اور وزنی رسولی بہت ہی کم ہوتی ہے۔ خوش قسمتی کی بات یہ تھی کہ اس رسولی میں کینسر کے اثرات نہیں تھے۔ انھوں نے کہا کہ اس سے پہلے انٹرنیشنل جرنل آف یورولوجی کے مطابق سب سے بڑی نکالی گئی رسولی کا وزن ۷ء۵ کلو گرام تھا جو ایک ۳۳ سالہ عورت کے پیٹ سے نکالی گئی تھی۔ انھوں نے کہا کہ اس بڑی رسولی کو ہم اپنے انسٹی ٹیوٹ میں محفوظ رکھیں [illegible] بھیجیں گے۔